## الطاف حسین کا صدر مملکت آصف علی زرداری کے بیان کا خیر مقدم

## سید مصطفیٰ عزیز آبادی کی نظم پر جناب الطاف حسین کا اظہار برہمی

## ایم کیو ایم کے رہنماء بیانات دیتے وقت انتہائی احتیاط سے کام لیں۔ الطاف حسین

لندن 27 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اپنے ایک بیان میں صدر مملکت محترم آصف علی زرداری کے اس بیان کا زبردست خیر مقدم کیا ہے جس میں انہوں نے پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کو ایم کیو ایم کے خلاف بیان نہ دینے کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے صدر مملکت کے بیان کو خوش آئند قرار دیا۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کے رہنماؤں کو بھی تاکید کی ہے کہ وہ بھی بیانات دیتے وقت انتہائی احتیاط سے کام لیں اور موجودہ تلخ فضاء کو بہتر بنانے میں اپنا مدبرانہ کردار ادا کریں۔

دریں اثناء شعبہ اطلاعات متحدہ قومی موومنٹ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے رکن سید مصطفیٰ عزیز آبادی کی ان کی تازہ ترین نظم پر سخت برہمی کا اظہار کیا ہے جو ان کے ذاتی خیالات اور عمل پر مبنی تھی مزید براں رابطہ کمیٹی نے سید مصطفیٰ عزیز آبادی کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنی کسی بھی سیاسی طرز کی نظم کو رابطہ کمیٹی کے مشورے کے بغیر شائع کرانے سے گریز کریں۔

## الطاف حسین نے عیدالاضحیٰ کی نماز لندن کی مقامی مسجد میں ادا کی

## ملک کی ترقی وخوشحالی، دہشت گردی کے خاتمہ، جمہوریت کے فروغ، عوام کی فلاح و بہبود، ایم کیو ایم کی ترقی اورحق پرست شہداء کے بلند درجات کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں

لندن۔۔۔27،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عیدالاضحی کی نماز لندن کی مقامی مسجد میں ادا کی۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان اور ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان بھی ان کے ہمراہ تھے۔ عید کی نماز کی ادائیگی کے بعد جناب الطاف حسین نے ملک کی ترقی وخوشحالی، دہشت گردی کے خاتمہ، جمہوریت کے فروغ، عوام کی فلاح و بہبود، ایم کیو ایم کی ترقی اورحق پرست شہداء کے بلند درجات کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔ بعدازاں جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کے ذمہ داران سمیت دیگر نمازیوں سے عید ملی اور انہیں عید کی مبارکباد پیش کی۔

## پاکستان سمیت دنیا بھر کے تمام مسلمانوں کو الطاف حسین کی جانب سے عیدالاضحیٰ کی دلی مبادک باد

## عیدالاضحیٰ سنت ابراہیمؑ ہے جو تمام مسلمانوں کو اللہ تعالی کی رضا اور خوشنودی کے حصول کیلئے بڑی سے بڑی چیز کی قربانی کا درس دیتی ہے

## اللہ تعالیٰ عیدالاضحیٰ کو دنیا بھر کے مسلمانوں کیلئے مبارک ثابت کرے، دنیا بھر میں امن کا پیغام لائے

## عیدالاضحیٰ کے موقع پر تہنیتی پیغام

لندن۔۔۔27،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر کے تمام مسلمانوں کو عیدالاضحیٰ کی دلی مبادک باد پیش کرتے ہوئے اپیل کی ہے کہ وہ عید کی خوشیوں میں غریب و مستحق افراد کو ضرور یاد رکھیں۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ برطانیہ سمیت یورپی ممالک اور خلیجی ممالک میں آج عیدالاضحیٰ منائی جارہی ہے جبکہ پاکستان میں کل بروز ہفتہ کو عیدالاضحیٰ منائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی کیلنڈر کا آغاز محرم الحرام اور اختتام عیدالاضحیٰ سے ہوتا ہے جو کہ قربانیوں کی لازوال مثالوں سے عبارت ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ عیدالاضحیٰ سنت ابراہیمؑ ہے جو تمام مسلمانوں کو اللہ تعالی کی رضا اور خوشنودی کے حصول کیلئے بڑی سے بڑی چیز کی قربانی کا درس دیتی ہے۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عیدالاضحیٰ کو دنیا بھر کے مسلمانوں کیلئے مبارک ثابت کرے، دنیا بھر میں امن کا پیغام لائے، ملک سے دہشت گردی کا خاتمہ ہو اور ملک بھر کے عوام کو ان کے بنیادی حقوق حاصل ہوں۔ جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام سے کہا کہ وہ عیدالاضحیٰ کی خوشیوں میں غریب و مستحق اور نادار افراد کو ہرگز نہ بھولیں اور انہیں بھی اپنی عید کی خوشیوں میں شریک کریں۔

## گلگت بلتستان میں استور کے مقام پر مسافر بس کے کھائی میں گرنے کے نتیجے میں 2 افراد کے جاں بحق اور متعدد کے زخمی ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔27، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گلگت بلتستان میں استور کے مقام پر مسافر بس کے کھائی میں گرنے کے حادثے میں 2 افراد کے جاں بحق ہونے اور متعدد افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے جاں بحق ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے اور زخمیوں کو جلد از جلد صحت یابی عطا فرمائے۔

## ڈاکٹر فاروق ستار، کنور خالد یونس، حق پرست وزراء نے غلام مصطفیٰ جتوئی کے انتقال پر نیو جتوئی جا کر سوگواران سے دلی تعزیت کا اظہار کیا
## مرحوم نے سندھ میں فسادات کی آگ پر قابو پانے کیلئے عملی کردار ادا کیا، رابطہ کمیٹی کی سوگواران سے گفتگو

نیو جتوئی۔۔۔27، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس، حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت اور حق پرست صوبائی مشیر سندھ خواجہ اظہار الحسن نے نیشنل پیپلز پارٹی کے صدر، سابق وزیر اعظم اور بزرگ سیاستدان غلام مصطفیٰ جتوئی کے انتقال پر مرحوم کی رہائشگاہ نیو جتوئی جا کر سوگواران سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔ایم کیوایم کے وفد نے سوگواران عارف جتوئی، عاقب جتوئی اور دیگر اہل خانہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ غلام مصطفیٰ جتوئی کے انتقال سے عوام مشفق سیاستدان اور بزرگ سے محروم ہوگئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ غلام مصطفیٰ جتوئی نے سندھ میں فسادات کی آگ پر قابو پانے کیلئے بہت بڑا عملی کردار ادا کیا ہے اور ان کا یہ عملی کردار سندھ دوستی اور حب الوطنی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔انہوں نے غلام مصطفیٰ جتوئی مرحوم کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا اور مرحوم کی مغفرت کیلئے دعا بھی کی۔اس موقع پر ایم کیوایم نوابشاہ زون کے زون انچارج وار اکین بھی موجود تھے۔

## پیر محل سندھیلیانوالی دربار شریف کے جانشین سید عمار حسین شاہ عرف شیخو بھائی کی ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

فیصل آباد۔۔۔27، نومبر 2009ء

فیصل آباد پیر محل سندھیلیانوالی دربار شریف کے جانشین سید عمار حسین شاہ عرف شیخو بھائی نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی حق پرستانہ جدوجہد سے متاثر ہوکر اپنے سینکڑوں ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز فیصل آباد پیر محل ایم کیوایم فیصل آباد ڈسٹرکٹ آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر سید عاصم علی بخاری سے ہونے والی ایک ملاقات میں کیا۔متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والوں میں سید اقتدار حسین شاہ بخاری، سید صفدر مہدی شاہ بخاری، سید آصف عباس شاہ بخاری، سید عرفان رضا شاہ بخاری، سید سردار علی شاہ بخاری، رائے منصور عباس بھٹی، رائے ظفر اقبال مارتھ، مہر محمد اشرف سیال، ملک سہیل رضا کلیار، مہر محمد حسین سراج، امتیاز مظہر عباس قریشی، راشد علی سیال، ملک فراز حسین شاہ، خالد عباس کاٹھیا، رائے محمد افضل مارتھ، مہر مظہر اقبال تویانہ اور دیگر شامل ہیں۔ملاقات کے بعد ایم کیوایم فیصل آباد آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر سید عاصم علی بخاری نے سید عمار حسین شاہ کی رہنمائی میں مزار شریف (پیر حضرت سید قطب علی شاہؒ) پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی۔اس موقع پر انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت تندرستی کیلئے دعا بھی کی۔

## ضلع غذر حلقہ III کے علاقے یاسین کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت اور آزاد امیدوار راجہ جہان زیب کی سینکڑوں ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

ضلع غذر۔۔۔27،نومبر 2009ء

ضلع غذر حلقہ III کے علاقے یاسین کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت اور آزاد امیدوار راجہ جہان زیب نے اپنے سینکڑوں ساتھیوں سمیت قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے ضلع غذر کے علاقے یاسین میں واقع اپنی رہائشگاہ پر ایم کیوایم گلگت بلتستان آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج محمد غذن خان سے ہونے والی ملاقات میں کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم ضلع غذر کے جوائنٹ انچارج فضل کریم اور رکن شمشی بھی موجود تھے۔ ملاقات میں راجہ جہان زیب نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد اب عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکی ہے اور گلگت بلتستان میں ایم کیوایم کے حق پرستانہ فکر وفلسفہ اور نظریئے کا فروغ ہو چکا ہے۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام غیور ہیں اور وہ حق پرستی کے کسی بھی فکر وفلسفہ اور نظریئے سے منہ نہیں پھیر سکتے اور گلگت بلتستان میں حق پرستی کا راستہ روکنے والی سازشوں کو عوام اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں گے۔اس موقع پر ایم کیوایم گلگت بلتستان آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج محمد غذن خان نے راجہ جہان زیب کی سینکڑوں ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم اور انہیں مبارکباد پیش کی۔واضح رہے کہ راجہ جہان زیب خان گلگت بلتستان حلقہ 21 ضلع غذر یاسین کی نشست پر آزاد امیدوار کی حیثیت سے 3380 ووٹ حاصل کئے تھے،ان کے والد غلام دستگیر اور بڑے بھائی جلال الدین بھی اسی حلقے سے قانون ساز اسمبلی کے رکن رہے ہیں۔

## سوئی سدرن گیس کمپنی کے محنت کشوں کو تین ماہ سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی اور عیدالاضحیٰ کے موقع پر محنت کشوں کو تنخواہوں سے محروم رکھنے کا سختی سے نوٹس لیا جائے،لیبر ڈویژن

کراچی۔۔۔27،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی اور سینٹرل کوآرڈنیشن کمیٹی نے سوئی سدرن گیس کمپنی کے محنت کشوں کو تین ماہ سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور اس عمل کو مزدور دشمن پالیسی قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سوئی سدرن گیس کمپنی کے 2200 محنت کش صدارتی آرڈی نینس کے تحت بحال کئے گئے ہیں اور تین ماہ سے تنخواہوں سے محروم ہیں جس کے باعث محنت کشوں میں مایوسی اور ان کے گھروں میں فاقہ کشی کی نوبت آ گئی ہے۔لیبر ڈویژن نے صدر مملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی،وفاقی وزیر پیٹرولیم وقدرتی وسائل سید نوید قمر سے مطالبہ کیا کہ سوئی سدرن گیس کمپنی کے محنت کشوں کی تین ماہ سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی اور عیدالاضحی کے موقع پر محنت کشوں کو تنخواہوں سے محروم رکھنے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور محنت کشوں کی تنخواہوں کی ادائیگی کیلئے فی الفور احکامات جاری کئے جائیں۔

☆☆☆☆☆